Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلحضرت حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۲ مطبوعہ روز شنبہ تاریخ ۱۱ شوال المکرم ۱۳۵۲ھ مطابق ۲۷ جنوری ۱۹۳۴ء کی جلد ۲۶

حصہ اوّل

خلاصہ احکام اجلاس ہمایوں اعلحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

(۱)	رخصت رجسٹرار صاحب صدر رو بکارات متعلق زیادتی حصولِ رخصت۔	۲	(۲)	عطائے تنخواہ صاحب میڈیکل افسر ملٹری ہاسپٹل۔

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور

احکام اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

حکم — واقع ۲۳ جنوری سنہ ۱۹۳۴ء

مرتبہ عرضداشت فارضا صاحب چیف منسٹر بہادر ربدین خلاصہ کہ مولوی ضیاء اللہ خان رجسٹرار صدر نے اپنی ذاتی ضرورت سے بریلی جانے کے لئے دو یوم ۲۴ و ۲۵ جنوری سنہ ۱۹۳۴ء کی رخصت اتفاقیہ کی درخواست گذرانی ہے۔ صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر نے رخصت مطلوبہ منظور کر کے انتظام کام کے متعلق رپورٹ کی ہے کہ مولوی علاء الحق صاحب سول جج۔ ان ایام مین رجسٹری کا کام انجام دے لین۔

حکم

کاغذات منسلکہ ملاحظہ ہوے۔ مولوی ضیاء اللہ خان رجسٹرار صدر نے سال رواں مین حسب تفصیل ذیل رخصت واجازت سے استفادہ کیا ہے۔ جو بہت زیادہ ہے۔

تاریخ و ماہ	ایام رخصت	ایام اجازت و تعطیلات
۲۲ و ۲۳ مئی سنہ ۳۳ء	۲	۰
۹ اکتوبر سنہ ۳۳ء	۱	۰
۱۸ تا ۲۰ اکتوبر سنہ ۳۳ء	۰	۳
۲ و ۳ دسمبر سنہ ۳۳ء	۰	۲
۵ تا ۸ جنوری سنہ ۳۴ء	۰	۳
۱۸ تا ۲۰ جنوری سنہ ۳۴ء	۰	۳

یہ سلسلہ اتبک جاری ہے۔ چنانچہ دو یوم کی رخصت کے سلسلہ مین پھر کاغذات پیش ہوے ہین۔ حالانکہ ماہ رواں میں اس سے قبل دو مرتبہ چھ یوم کی اجازت عطا ہو چکی ہے۔ ایک ماہ کے اندر یہ تیسرا موقع ہے ایک ذمہ دار افسر صیغہ کو اس قدر جلد جلد رخصت و اجازت کی استدعا مین پیش کرنا غیر مناسب ہے۔ آئندہ احتیاط کیجائے۔ اس وقت بموجب رپورٹ ہر دو ایام رخصت منظور شدہ معروضہ عرضداشت مین رجسٹری کا کام سول جج کے متعلق کیا جاتا ہے۔ حسب حکم ہذا مع کاغذات متعلقہ برائے کارروائی صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بتشائے حکم ہمایون سررشتۂ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہون۔ ۲۳ جنوری سنہ ۱۹۳۴ء

دستخط فارضا صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم — واقع ۲۴ جنوری سنہ ۱۹۳۴ء

دستخط بندگان اعلیٰحضرت بچنج جنکر

ثبت عرضداشت صاحب چیف منسٹر بہادر دربارۂ صدور حکم عطائے تنخواہ میڈیکل افسر ملٹری ہاسپٹل بتاریخ ۲۰ جنوری سنہ ۱۹۳۴ء بوجہ روانگی ہمراہ فرسٹ رامپور رضا انفنٹری بمقام کیمپ شاہ آباد

رپورٹ منظور ہے۔ میڈیکل افسر ملٹری ہاسپٹل کی ۲۰ جنوری سنہ ۱۹۳۴ء کو تنخواہ دلوا دیجائے۔

کاغذات برائے کارروائی صاحب چیف منسٹر بہادر
کے پاس مرسل ہوں

بنشائے حکم ہمایوں سررشتہ صادرے احکام حسب ضابطہ
جاری ہوں

۲۲ جنوری ۱۹۳۲ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر